نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

PH. 042-99200729, 99200731, Email: mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

محکمہ زراعت پنجاب نے کپاس کی صاف چنائی سے متعلق سفارشات جاری کر دیں

لاہور، 23 ستمبر 2024: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کپاس کے کاشتکار کپاس کی چنائی صبح 10 بجے شروع کریں جس وقت فصل اور ٹینڈوں پر سے رات کی شبنم خشک ہو جائے تا کہ کپاس بدرنگ نہ ہونے پائے اور نمی کی وجہ سے جننگ کے دوران مشکلات کا سامنا بھی نہ ہو۔ کپاس کی فصل کی چنائی شام 4 بجے بند کر دینی چاہیے۔ چنائی ہمیشہ پودے کے نچلے حصے سے مکمل کھلے ہوئے ٹینڈوں سے شروع کریں اور بتدریج اوپر کو چنائی کرتے جائیں تا کہ پودے کے سوکھے پتے چنی ہوئی کپاس میں شامل نہ ہوں۔ چنائی کرتے وقت ٹینڈوں سے کپاس کو اچھی طرح نکال لینا چاہیے۔ چنائی کے لیے استعمال ہونے والا کپڑا (جھولی) سوتی ہونا چاہیے۔ چنی ہوئی پھٹی کو صاف اور خشک سوتی کپڑے پر رکھا جائے۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ پھٹی کو آلودگی سے بچانے کے لیے انتظامات کیے جائیں۔ چنی ہوئی کپاس میں نمی، کچے ٹینڈے، کھوکڑی، رسیاں سوتلی، بال وغیرہ ہرگز شامل نہ ہونے دیں۔ پھٹی کو گودام میں لے جانے سے پہلے یہ تمام اشیاء ہاتھ سے چن کر نکال دیں۔ چنائی کرنے والیوں کو چاہیے کہ اپنے سر کو اچھی طرح کپڑے سے ڈھانپ کر چنائی کریں تا کہ اس میں انسانی بالوں کی آمیزش نہ ہو۔ چنائی کے بعد پھٹی کو ایک دو دھوپ ضرور لگوائیں تا کہ نمی کو مناسب سطح پر لایا جا سکے۔ بارش کے دنوں میں چنائی نہ کریں بلکہ جب کپاس سوکھ جائے تو چنائی کرے۔ بی ٹی اور غیر بی ٹی اقسام کی پھٹی کو الگ الگ رکھیں۔